ساتواں اجلاس

خفیہ

ایوان میں پیش کئے جانے سے قبل اشاعت کی اجازت نہیں ہے

صوبائی اسمبلی پنجاب

بروز پیر 11 مارچ 2019

فہرست نشان زدہ سوالات اور جوابات

بابت

محکمہ امور پرورش حیوانات وڈیری ڈویلپمنٹ

صوبہ میں پولٹری ریسرچ میں شروع کیے گئے ترقیاتی پروگراموں سے متعلقہ تفصیلات

*799: چودھری افتخار حسین چھچھر: کیا وزیر امور پرورش حیوانات وڈیری ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:۔

(الف) صوبہ میں محکمہ پولٹری ریسرچ / ترقی کے لئے کتنے ادارے ہیں ان ادارہ جات میں کتنے ماہرین / ڈاکٹر کام کر رہے ہیں؟

(ب) ان اداروں نے کیا کیا ترقیاتی پروگرام شروع کیے ہیں جس سے صوبہ میں پولٹری کی مشکلات کم ہوئی ہوں؟

(ج) پولٹری میں ریسرچ پر کہاں کہاں کام ہو رہا ہے اور اس کے لیے کتنا فنڈ مختص کیا ہے؟

(د) صوبہ میں حکومت کے زیر انتظام کتنے پولٹری فارم ہیں؟

(تاریخ وصولی 12 دسمبر 2018 تاریخ ترسیل 12 فروری 2019)

جواب

وزیر امور پرورش حیوانات وڈیری ڈویلپمنٹ

(الف) صوبہ میں محکمہ کے پولٹری کے ریسرچ سنٹر / ترقی کے لیے ایک ادارہ پولٹری ریسرچ انسٹیٹیوٹ راولپنڈی ہے۔ اس ادارے میں 38 ماہرین / ڈاکٹرز کام کر رہے ہیں۔

(ب) موجودہ مالی سال میں ان اداروں میں کوئی ترقیاتی کام شروع نہیں کیا گیا۔

(ج) پولٹری میں ریسرچ پر پولٹری ریسرچ انسٹیٹیوٹ راولپنڈی اور گورنمنٹ پولٹری فارمز پر کام ہو رہا ہے۔ ریسرچ کے لیے علیٰحدہ سے کوئی فنڈ مختص نہ ہیں تاہم ادارے کے لئے برائے سال 19-2018 غیر ترقیاتی بجٹ کی مد میں 331.982 ملین روپے مختص کیے گئے ہیں۔

(د) صوبہ میں حکومت کے زیر انتظام 10 پولٹری فارمز ہیں۔

(تاریخ وصولی جواب 7 مارچ 2019)

اوکاڑہ میں ویٹرنری ہسپتال بنانے اور مویشیوں کی تعداد سے متعلقہ تفصیلات

*800: **چودھری افتخار حسین چھچھر:** کیاوزیر امور پرورش حیوانات وڈیری ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

الف) ایک ویٹرنری ہسپتال یاویٹرنری ڈسپنسری بنانے کے لئے کتنی تعداد میں مویشیوں کا ہوناضروری ہے اوراس کے لیے کیاCriteriaہے؟

(ب)ان کے لئے کتنے ہسپتال یاڈسپنسریاں موجود ہیں آئندہ مالی سال میں حکومت مزید کتنے ہسپتال وڈسپنسریاں اس ضلع میں بنانے جارہی ہے؟

(ج)کتنے ویٹرنری ڈاکٹراور دیگر عملہ ضلع اوکاڑہ میں موجود ہیں؟

(د)کیایہ درست ہے کہ مویشیوں کی تعداد کے حساب سے ویٹرنری ہسپتال،ڈسپنسریاں اور عملہ بہت کم ہے کیا حکومت فیض آباد میں نیاویٹرنری ہسپتال یاڈسپنسری کھولنے جارہی ہے؟

(تاریخ وصولی12 دسمبر2018 تاریخ ترسیل12 فروری2019)

جواب

وزیر امور پرورش حیوانات وڈیری ڈویلپمنٹ

(الف)ایک ویٹرنری ہسپتال یاویٹرنری ڈسپنسری بنانے کے لیے جانوروں کی مخصوص تعداد یا کوئی خاص Criteria موجود نہیں ہے تاہم فی الوقت ایک تقریباً28000 تا32000 جانوروں کے لئے موجود ہے۔

(ب)ان کے لیے10 ویٹرنری ہسپتال اور92 ویٹرنری ڈسپنسریاں موجود ہیں۔ آئندہ مالی سال میں کوئی ہسپتال یا ڈسپنسری اس ضلع میں حکومت بنانے نہیں جارہی ہے۔

(ج)79 ویٹرنری ڈاکٹرز اور260 دیگر عملہ ضلع اوکاڑہ میں موجود ہیں۔

(د)یہ درست نہ ہے۔ حکومت کا فیض آباد میں نیاویٹرنری ہسپتال یاڈسپنسری کھولنے کا کوئی منصوبہ زیر غور نہ ہے۔

(تاریخ وصولی جواب7 مارچ2019)

بھینسوں کا دودھ بذریعہOxytocin انجکشن دوہنے پر پابندی سے متعلقہ تفصیلات

*953: **چودھری اشرف علی:** کیاوزیر امور پرورش حیوانات وڈیری ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) کیایہ درست ہے کہ اکثر مویشی پال حضرات گائے اور بھینسوں کا دودھ دوہنے کیلئےOxytocin انجکشن استعمال کرتے ہیں؟

(ب) کیایہ بھی درست ہے کہ مذکورہ انجکشن لگا کر حاصل کئے گئے دودھ کی وجہ سے انسانی ہارمونز تبدیلی کا شکار ہو جاتے ہیں ایسا دودھ بچوں اور حاملہ خواتین کیلئے انتہائی مضر ہے؟

(ج) کیایہ بھی درست ہے کہ دنیا کے دیگر ممالک میں یہ انجکشن بند کیا جاچکا ہے لیکن پاکستان میں اس کا استعمال جاری ہے؟

(د) اگر جزوہائے بالا کا جواب اثبات میں ہے تو کیا حکومت مذکورہ انجکشن پر پابندی لگانے کا ارادہ رکھتی ہے اگر ہاں تو کب تک؟

(تاریخ وصولی 20 دسمبر 2018 تاریخ ترسیل 26 فروری 2019)

جواب

وزیر امور پرورش حیوانات وڈیری ڈویلپمنٹ

(الف) یہ بات جزوی طور پر بھینسوں کی حد تک درست ہے۔

(ب) تحقیقی معلومات اس مفروضے کی تصدیق نہیں کرتے۔

(ج) یہ درست نہ ہے۔ جبکہ پاکستان میں بھی دیگر ممالک کی طرح اس کا استعمال دیگر کئی مسائل کے علاج معالجہ کے لئے کیا جاتا ہے۔

(د) حکومت پابندی کا کوئی ارادہ نہ رکھتی ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 7 مارچ 2019)

پنجاب ڈیری ڈویلپمنٹ بورڈ سے متعلقہ تفصیلات

*1012: محترمہ عظمیٰ کاردار: کیاوزیر امور پرورش حیوانات وڈیری ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف)2008سے2018تک پنجاب ڈیری ڈویلپمنٹ بورڈ نے کتنے منصوبے مکمل کیے؟

(ب)اس دوران اس بورڈ کو کتنا بجٹ ملا کیا یہ درست ہے کہ سائرہ افتخار اس بورڈ کی سی ای او رہی ہیں؟

(ج)اس بورڈ کی مجموعی کارگردگی سے آگاہ فرمائیں؟

(تاریخ وصولی26دسمبر2018تاریخ ترسیل15فروری2019)

جواب

وزیر امور پرورش حیوانات وڈیری ڈویلپمنٹ

(الف)2008سے2018تک پنجاب ڈیری ڈویلپمنٹ بورڈ نے پانچ منصوبوں پر کام کا آغاز کیا اور کام جاری ہے۔کوئی منصوبہ مکمل نہ ہوا ہے۔

(ب)اس دوران بورڈ کو1314.562ملین روپے بجٹ ملا۔سائرہ افتخار کو کچھ عرصہ کے لئے پنجاب لائیوسٹاک اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ کے سی ای او کا عارضی چارج دیا گیا۔

(ج)1۔سائلج بنانے کا منصوبہ2012میں شروع کیا گیا اور اب تک پنجاب میں چار سائٹس قصور، دیپالپور، چنیوٹ اور سرگودھا میں سائلج پر کام ہو رہا ہے۔

2۔بریڈ امپرووومنٹ پروجیکٹ بند کر دیا گیا ہے۔

3۔جنیٹک امپرووومنٹ پروجیکٹ میں سیمن پروڈکشن یونٹ کے قیام کی کوششیں کی جارہی ہیں۔

4۔پنجاب پیور ملک پروجیکٹ کے تحت اب تک صرف ایک مشین ٹاؤن شپ ماڈل بازار میں لگائی گئی ہے۔

5۔لائیوسٹاک تجرباتی فارم خضر آباد سرگودھا کو میکانائز کرنے کی منصوبہ بندی کی جارہی ہے۔

(تاریخ وصولی جواب7مارچ2019)

محکمہ لائیوسٹاک کے کٹوں کو فربہ کرنے کے منصوبہ سے متعلقہ تفصیلات

*1014: محترمہ عظمیٰ کاردار: کیاوزیر امور پرورش حیوانات وڈیری ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) محکمہ لائیوسٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ نے 2008 سے 2018 تک کٹوں کو فربہ کرنے اور ان کو محفوظ بنانے کے لئے منصوبوں کے کتنے فارمز کی مالی مدد کی؟

(ب) اس دوران کتنی رقم ان فارمز کو فراہم کی گئی کیا ان منصوبوں سے عوام کو فائدہ ہوا؟

(ج) یہ رقم کس شرح سے تقسیم کی گئی اور کیا یہ منصوبہ اب بھی جاری ہے؟

(تاریخ وصولی 26 دسمبر 2018 تاریخ ترسیل 15 فروری 2019)

جواب

وزیر امور پرورش حیوانات وڈیری ڈویلپمنٹ

(الف) محکمہ لائیوسٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ نے 2008 سے 2018 تک کٹوں کو فربہ کرنے اور ان کو محفوظ بنانے کے لئے 11401 فارمرز کی مالی مدد کی۔

(ب) اس دوران فارمرز کو 199.612 ملین روپے فراہم کیے گئے۔ جی ہاں ان منصوبوں سے عوام کو فائدہ ہوا ہے۔

(ج) یہ رقم مختلف ادوار میں تقسیم کی گئی ہے شرح 6500 روپے فی کٹا بچاؤ جبکہ برائے فربہ کٹا 4000 روپے دیے گئے۔ یہ منصوبہ اب جاری نہ ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 7 مارچ 2019)

صوبہ میں محکمہ لائیوسٹاک کے دودھ کی فراہمی سے متعلقہ تفصیلات

*1058: محترمہ سلمیٰ سعدیہ تیمور: کیاوزیر امور پرورش حیوانات وڈیری ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) کیا پنجاب لائیوسٹاک ڈیری ڈویلپمنٹ بورڈ کا دودھ کی فراہمی کا منصوبہ جاری ہے؟

(ب) یہ منصوبہ کب شروع کیا گیا اور اس منصوبہ کے لئے حکومت نے کتنے فنڈز فراہم کئے ہیں؟

(ج)اس منصوبہ کے تحت سالانہ عوام کو کتنا دودھ فراہم کیا جاتا ہے اور یہ دودھ کس نرخ پر عوام کو دیا جاتا ہے؟

(تاریخ وصولی 5 جنوری 2019 تاریخ ترسیل 15 فروری 2019)

جواب

وزیر امور پرورش حیوانات وڈیری ڈویلپمنٹ

(الف)جی ہاں۔ پنجاب لائیوسٹاک ڈیری ڈویلپمنٹ بورڈ کا دودھ کی فراہمی کا منصوبہ جاری ہے۔

(ب)یہ منصوبہ مئی 2018 میں شروع کیا گیا تھا اس منصوبہ کے لیے حکومت کی طرف سے 17 ملین روپے فنڈز فراہم کیے گئے تھے۔

(ج)اس منصوبہ کے تحت روزانہ تقریباً 300 لیٹر دودھ فراہم کیا جاتا ہے۔ یہ دودھ 85 روپے فی لیٹر عوام کو فروخت کیا جارہا ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 7 مارچ 2019)

محکمہ کی طرف سے عوام کو اونٹنی کے دوودھ کی فراہمی سے متعلقہ تفصیلات

*1060: **محترمہ سلمٰی سعدیہ تیمور:** کیا وزیر امور پرورش حیوانات وڈیری ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف)کیا محکمہ لائیوسٹاک اینڈ وڈیری ڈویلپمنٹ اونٹنی کے دودھ کو عوام تک پہنچانے کے لئے کسی منصوبہ پر کام کر رہا ہے اگر ایسا کوئی منصوبہ ہے تو اس کی تفصیلات سے آگاہ کیا جائے؟

(ب)یہ منصوبہ کب شروع کیا گیا اور اب تک کتنا اونٹنی کا دودھ عوام کو فراہم کیا گیا، یہ دودھ فراہم کرنے کا کیا طریق کار ہے دودھ کس نرخ پر عوام کو فراہم کیا جارہا ہے؟

(تاریخ وصولی 5 جنوری 2019 تاریخ ترسیل 15 فروری 2019)

جواب

وزیر امور پرورش حیوانات وڈیری ڈویلپمنٹ

(الف)جی نہیں اور اب ایسا کوئی منصوبہ زیر غور نہ ہے۔

(ب)یہ منصوبہ جنوری2018میں شروع کیا گیااور30جون2018تک61919لیٹر اونٹنی کادودھ قیمتاً120 روپے فی لیٹر،لاہور میں موجود مختلف سپر سٹورز پر عوام کو مہیا کیا گیا۔

(تاریخ وصولی جواب7مارچ2019)

لاہور محمد خان بھٹی

مورخہ9مارچ2019 سیکرٹری

بروز پیر مورخہ 11 مارچ 2019 کو محکمہ امور پرورش حیوانات وڈیری ڈویلپمنٹ کے سوالات و جوابات کی فہرست اور نام اراکین اسمبلی

نمبر شمار	نام رکن اسمبلی	سوالات نمبر
1	چودھری افتخار حسین چھچھر	800-799
2	چودھری اشرف علی	953
3	محترمہ عظمیٰ کاردار	1014-1012
4	محترمہ سلمیٰ سعدیہ تیمور	1060-1058